تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December 23, 2024

پریس ریلیز

مرکز برائے فاصلاتی تعلیم اور آن لائن ایجوکیشن کے طلبہ کے لیے منعقدہ تعارفی وتہنیتی پروگرام میں 'آموزگاروں سے تعلیمی سفر میں انسانیت اور اخلاقیات کے طرز عمل کو اپنانے کی' شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اپیل

فاصلاتی تعلیم اور آنلائن ایجوکیشن (سی ڈی او ای)، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈاکٹر ایم۔اے۔انصاری آڈیٹوریم میں طلبہ کے لیے مورخہ اکیس دسمبر دو ہزار چوبیس کو تعارفی اور تہنیتی پروگرام منعقد کیا۔ پروگرام میں عزت مآب پروفیسر مظہر آصف ،شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ڈاکٹر مدھوکر مارو واورے، جوائنٹ سیکریٹری برائے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یوجی سی) اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ بطور مہمانان اعزازی پروگرام میں شریک ہوئے۔ قابل ذکر ہے کہ پروفیسر مشاہد عالم رضوی، ڈائریکٹر سی ڈی او ای کی ماہرانہ سرپرستی اور ان کی انتھک مساعی کے سبب پروگرام منعقد ہوسکا۔

کلیدی خطبہ میں پروفیسر مظہر آصف ، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آموزگاروں کو اپنی بصیرت وحکمت سے تحریک دلائی اور انھیں افضلیت کی تلاش وجستجو میں سرگرداں رہنے کی تلقین کی ۔انھوں نے سی ڈی او ای سے کہا کہ وہ تعلیم کی نئی راہیں دریافت کرنے کے لیے کوشاں رہے اور سینٹر کو یوجی کیئر لسٹیڈ والا تحقیقی جریدہ شروع کرنے کا بھی مشورہ دیا۔انھوں نے طلبہ کی ریاضت ومحنت کی تعریف کی اور اس بات پر زور دیا کہ وہ تعلیمی سفر میں بہتر سے بہتر کی تلاش کے ساتھ ساتھ وہ انسانیت اور اخلاقیات کے طرز عمل کو بھی اپنی شخصیت کا حصہ بنائیں۔

پروفیسر مشاہد عالم رضوی، ڈائریکٹر سی ڈی او ای نے فاصلاتی تعلیم اور آن لائن کے توسط سے معیاری تعلیم کی فراہمی کے سلسلے میں سینٹر کے عہد کا اعادہ کیا۔اس کے ساتھ ہی انھوں نے تعلیمی خلیج کو کم کرنے اور لچک دار مواقع کی فراہمی کے ساتھ طلبہ کو خود مختار بنانے کے ضمن میں سینٹر کے رول کو بھی اجاگر کیا۔

ڈاکٹر مدھوکر مارو واورے نے سی ڈی او ای کی جانب سے مستقبل میں کی جانے والی پہل کے سلسلے میں تعاون کے عزم کے اظہار کے ساتھ آنلائن اور فاصلاتی تعلیم میں جدت واختراعیت کی اہمیت پر زور دیا۔

پروفیسر مہتاب عالم رضوی نے انتظامی کاروائیوں کو باضابطہ کرنے کے سلسلے میں کوششوں کے ساتھ، سینٹر کی کارگزاری کو خوب تر کرنے اوراس کے کام کاج کو بہتر سے بہتر کرنے کا یقین دلایا۔

پروگرام کی اہم باتوں میں سی ڈی او ای کے بارہ ممتاز طلبہ کی تہنیت شامل ہے جن میں دو گریجویٹس بھی ہیں جنھوں نے موقر انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروسز (آئی اے ایس) جوائن کیا ہے۔ تعلیم کی انقلاب آفریں طاقت کے ثبوت کے طور پر ان کی کامیابیوں اور حصولیابیوں کو دیکھا گیا نیز سینٹر کے فیکلٹی اراکین کی کوششوں کو سراہا گیا۔

اظہار تشکر اور قومی ترانے کی نغمہ سرائی کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا جس نے سامعین کو اپنی تعلیمی اور پیشہ ورانہ زندگی میں نئی بلندیوں کو چھونے کے لیے تحریک وتشویق فراہم کی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی